☆ شریعت اسلامیہ کے محاسن' شیخ عمر فاروق۔ ناشر: ایشیا پبلی کیشنز' A-9/1 ایشیا منزل' رائل پارک' لاہور۔ صفحات: ۳۳۱۔ قیمت: ۱۵۰ روپے [۴۶ اسلامی' دینی اور اخلاقی موضوعات پر قرآن و سنت' سیرت نبویؐ سیرت صحابہؓ کی روشنی میں مؤثر اظہار خیال۔ اقبال کے برمحل اشعار کے ساتھ' عمومی مطالعے' استفادے اور تلقین و تبلیغ کے لیے ایشیا پبلی کیشنز کی ایک اچھی اور خوب صورت پیش کش]۔

☆ فتنۂ قادیانیت کو پہچانیے' مرتب: محمد طاہر رزاق۔ ناشر: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت' حضوری باغ روڈ' ملتان۔ صفحات: ۴۷۰۔ قیمت: ۱۵۰ روپے [قادیانیت پر علامہ انور شاہ کشمیری اور علامہ اقبال سے لے کر' خود مرتب تک کے ۲۱ مضامین کا مجموعہ اور اس موضوع پر مصنف کی متعدد تالیفات میں سے ایک --- قادیانیت کو بے نقاب کرنا مرتب کی زندگی کا مشن ہے]۔

☆ اسلام میں عورت کا مقام' حسن البنا شہید۔ ناشر: اعلیٰ پبلی کیشنز' یوسف مارکیٹ' غزنی سٹریٹ' اردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۲۱۔ قیمت: ۱۵ روپے [حیثیت و حقوق نسواں کا موضوع' ایک طرح سے عالمی حیثیت اختیار کر گیا ہے --- اسلام کے حوالے سے حسن البنا شہید کی ایک قیمتی تحریر]۔

☆ تعمیر حیات' ابوالحسن علی ندوی نمبر' مدیر مسئول: شمس الحق ندوی۔ ناشر: مجلس صحافت و نشریات دارالعلوم ندوۃ العلما لکھنؤ۔ صفحات: ۳۵۱۔ قیمت: درج نہیں [مولانا علی میاں کی شخصیت' علمی اور دینی کارناموں اور اصلاح و اتحاد ملت کے لیے ان کی کاوشوں کی تفصیل و تجزیہ اور مشاہدات و تاثرات پر مبنی ۶۱ مضامین اور ۳۰ منظومات --- اپنے موضوع پر ایک جامع اشاعت]۔

☆ غالب --- فکر و فرہنگ' ڈاکٹر تحسین فراقی۔ ناشر: اردو اکیڈمی پاکستان' ۹۳-۷' این پونچھ روڈ' سمن آباد' لاہور۔ صفحات: ۲۴۸۔ قیمت: ۱۲۸ روپے [مرزا غالب پر ۷ تحقیقی و تنقیدی مضامین کا مجموعہ۔ غالب کی بعض فارسی مثنویات' مہر نیمروز اور فارسی مکاتیب کے حوالے سے ان کی شخصیت کے بعض ایسے پہلوؤں کو پہلی بار تفصیل کے ساتھ منظر عام پر لانے کی کوشش کی گئی ہے جنھیں غالب شناسوں نے قابل توجہ نہیں سمجھا تھا]۔

☆ انوار یے' پروفیسر انور رومان۔ ناشر: سیرت اکادمی بلوچستان' ۲۷۲-اے او بلاک III سیٹلائٹ ٹاؤن' کوئٹہ۔ صفحات: ۱۶۰۔ قیمت: ۱۵۰ روپے [مؤلف کے شخصی تاثرات و احساسات کا بے ساختہ اظہار۔ بظاہر آزاد منظومات' مگر نثری نظم نما تحریریں جن میں ادبیت' شعریت اور آہنگ موجود ہے۔ نقاد انھیں کیا مقام دیتے ہیں؟ مؤلف اس سے بے نیاز ہے۔ انور رومان وسیع المطالعہ اور صاحب دل اہل قلم ہیں۔ ۴۲ اردو' انگریزی کتابوں کے مؤلف' مصنف اور مترجم ہیں]۔

☆ حریم دل' نجمہ منیر' مرتبہ: زاہد منیر عامر۔ ناشر: تناظر مطبوعات' ۳۴۰ ریواز گارڈن' لاہور۔ صفحات: ۳۲۔ قیمت: درج نہیں۔ [آل اولاد' اعزہ و اقربا اور شاگردوں کے نام چھوٹی چھوٹی سادہ خوب صورت نظمیں' قلبی جذبوں اور لگن اور محبتوں کا بے ساختہ اظہار۔ انسانی رشتوں کے باہمی اخلاص اور بے لوث جذبات کا شعری اظہار]۔

☆ انفاق فی سبیل اللہ' خلیل الرحمٰن چشتی۔ ناشر: الفوز اکیڈمی' مکان ۳۱۷' گلی ۱۶' ایف ۱۰/۲' اسلام آباد۔ صفحات: ۸۸۔ قیمت: ۳۰ روپے [اس موضوع کے بیش تر پہلوؤں پر قرآن و سنت کے حوالے' عربی متن مع ترجمہ' مختصر تشریحات کے ساتھ انفاق فی سبیل اللہ کی ضرورت' اہمیت' فضائل اور فوائد --- یہ رسالہ ''سلسلہ تعلیمات قرآن و سنت'' کی ایک کڑی ہے' اسی سلسلے میں متعدد مفید